مختصر مگر دلچسپ اور سبق آموز سوانح کو اسی نہج پر قلم بند کیا ہے کہ استفادہ کرنے والے کے سامنے اپنے مستقبل کے نشان راہ واضح ہوتے اور علماء حق کے امتیازی کردار کے نقوش ثبت ہوتے ہیں عمدہ طباعت کے باوجود مہنگائی کے اس دوران قیمت معقول ہے۔

مسائل و معلومات حج و عمرہ

تالیف الحاج محمد معین الدین احمد صاحب
صفحات ۱۶۸، ناشر : المعین ٹرسٹ کراچی

حج اسلام کے بنیادی ارکان سے ہے ہر سال دنیا بھر کے لاکھوں مسلمان حج و عمرہ کی سعادت حاصل کرتے ہیں حج و عمرہ کے مسائل کی تعلیم و تفہیم کے لیے علماء اور مصلحین امت نے ہر دور میں ہر زبان میں چھوٹی بڑی نافع کتابیں لکھی ہیں مگر اس کے باوجود زائرین مسائل و احکام حج میں غلطیاں کرتے اور بعض حالات میں اساءت و گناہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں عوام تو عوام خواص تک مسائل و احکام حج میں بعض ایسی کوتاہیوں کا ارتکاب کرتے ہیں جو روحِ مناسک کے خلاف اور خدا کی ناراضی کا سبب بنتی ہیں الحاج محمد معین الدین احمد کو اللہ نے تعلیم و تبلیغ اسلام کے لیے دھڑکتا ہوا دل دیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ان ہی کی ایک عظیم علمی اور جامع تحقیقی تاریخی کاوش ہے جو گزشتہ آٹھ دس سال سے موصوف ہزاروں کی تعداد میں چھپواتے اور حجاج و زائرین میں مفت تقسیم کرتے ہیں اکابر علماء اور محققین اسلام نے اس کو بے حد نافع قرار دیا ہے خود احقر نے بھی گذشتہ کئی سالوں کے تجربہ اور اسی موضوع پر مختلف کتابوں سے استفادہ کے بعد اسی کتاب کو اپنے سفر حج و عمرہ میں ساتھ رکھنے اور لوگوں کو اس سے استفادہ کی ترغیب دینے کا معمول بنالیا ہے جس کے بحمد اللہ بہت ہی زیادہ مفید نتائج سامنے آئے ہیں کتاب کی عمدگی، جامعیت اور نافعیت کے پیش نظر اردو سے دیگر مختلف زبانوں میں اس کے ترجمے ہو کر تقسیم ہو رہے ہیں اور اب انگریزی میں بھی یہ کتاب منظر عام پر آگئی ہے یہ مؤلف کا خلوص ہے کہ اللہ نے اس کو قبولیت عطا فرمائی ہے اور صدقہ جاریہ کی صورت میں لاکھوں کے لیے نفع رساں ہے۔

یہ کتاب ڈاک ٹکٹ بھیج کر ادارۃ العلم والتحقیق دارالعلوم حقانیہ سے بھی مفت طلب کی جا سکتی ہے۔
اور مولف سے بھی مفت طلب کرنے کا پتہ درج ذیل ہے۔

مسجد نور علامہ اقبال روڈ پی ای سی ایچ سوسائٹی (کراچی)